لاہور جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کی چوتھی ٹیم ڈینگی کے مریضوں کیلئے راولپنڈی روانہ ہوگئی

مریضوں کو مشن سمجھ کر طبی سہولتیں بہم پہنچائی جائیں، ڈاکٹروں ونرسز کیلئے خصوصی سرٹیفکیٹ دینے کا اعلان

آخری مریض کے صحت یاب ہونے تک ڈاکٹروں اور نرسوں کو بھیجا جاتا رہے گا: پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 14 اکتوبر:.......جنرل ہسپتال سے راولپنڈی میں ڈینگی کے مریضوں کو طبی خدمات فراہم کرنے کیلئے ڈاکٹروں کی چوتھی ٹیم روانہ ہوگئی، 15 ڈاکٹروں پر مشتمل اس گروپ کو پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے الوداع کرتے ہوئے اُن کی کامیابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اعلان کیا کہ راولپنڈی میں ڈینگی کے مریضوں کے لئے کام کرنے والے ڈاکٹروں، نرسز اور پیرامیڈیکل سٹاف کو خصوصی سرٹیفکیٹ سے نوازا جائے گا تا کہ اُن کی خدمات کا اعتراف کیا جا سکے۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت کے احکامات کی روشنی میں راولپنڈی میں ڈینگی کے آخری مریض کے صحت یاب ہونے تک ڈاکٹروں اور نرسوں کو بھیجا جاتا رہے گا تا کہ وہ مشکل کی اس گھڑی میں اپنے بھائیوں کے کام آسکیں۔

انہوں نے ڈاکٹروں سے بھی کہا کہ وہ راولپنڈی کے ڈینگی کے مریضوں کی صحت یابی کو قومی مشن سمجھ کر طبی سہولتیں بہم پہنچائیں اور اُن کے علاج معالجے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ ڈاکٹروں کے اس چوتھے گروپ کے بعد مزید ضرورت پڑی تو ڈاکٹروں اور نرسوں کو راولپنڈی ضرور بھیجیں گے۔ انہوں نے ڈاکٹر برادری کے جذبے کو سراہا اور اُن کی طرف سے راولپنڈی روانگی کے اقدام کی تعریف کی۔

اس موقع پر راولپنڈی روانہ ہونے والے ڈاکٹرز نے گفتگو کرتے ہوئے یقین دلایا کہ وہ ڈینگی میں مبتلا مریضوں کی دیکھ بھال میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے اور مشکل کی اس گھڑی میں اپنے بھائیوں کا بھرپور ساتھ دیں گے۔ انہوں نے پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کی جانب سے فراہم کردہ تعاون کو سراہا اور انہیں اپنی طرف سے بھرپور کارکردگی کا یقین دلایا۔